# 109217 ـ ایام بیض پر سوموار اور جمعرات کے روزے کی فضیلت

**سوال**

میری والدہ ایك طویل عرصہ سے سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھ رہی ہیں، اور اب وہ یہ معلوم کرنا چاہتی ہیں کہ یہ عمل افضل ہے یا کہ ہر ماہ ایام بیض کے تین روزے رکھنا افضل ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ عمل افضل اور بہت زیادہ ہے؛ اور ماہانہ تین روزے رکھنا اس میں داخل ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے اور آپ نے فرمایا:

" یہ دو دن ایسے ہیں جن میں اعمال اللہ سبحانہ و تعالی کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں، میں یہ پسند کرتا ہوں کہ جب میرے اعمال پیش کیے جائیں تو میں روزے سے ہوں "

اللہ سبحانہ و تعالی ہی توفیق دینے والا ہے " انتہی

فضيلة الشيخ عبد العزيز بن باز رحمہ اللہ.